نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان آم کی برآمد میں اضافہ کیلئے مشاورتی سیشن کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مینگو سیکٹر کی بہتری کے لیے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔افتخار علی سہو

لاہور:28 مارچ 2026:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں آم کی برآمد میں اضافہ کے حوالے سے ایک اہم مشاورتی سیشن منعقد ہوا جس میں مینگو گروورز، ایکسپورٹرز، ویلیو ایڈیشن انڈسٹری کے نمائندوں سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر ساجد الرحمان، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول کی شرکت جبکہ دیگر آن لائن شریک ہوئے

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ آم جنوبی پنجاب کی پہچان ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی آم ذائقے اور کوالٹی کے لحاظ سے دنیا بھر میں منفرد مقام رکھتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مینگو سیکٹر کی بہتری کے لیے خصوصی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔افتخار علی سہو نے کہا کہ مینگو سیکٹر کی بہتری کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز سے تجاویز طلب کرنے کی دعوت دی گئی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ کوالٹی پروڈکشن، ویلیو ایڈیشن اور ایکسپورٹ کے ذریعے آم کو زیادہ منافع بخش بنانا حکومت کا مشن ہے۔آم کی ویلیو ایڈیشن کے لیے خصوصی پیکج کی تیاری کے سلسلے میں مشاورت کا عمل جاری ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اعلیٰ کوالٹی کے آم کی ہی ہائی اینڈ مارکیٹ میں ڈیمانڈ موجود ہے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب نے بتایا کہ آم کی ویلیو ایڈیشن کے حوالے سے پیش کی گئی تجاویز نہایت مفید ہیں اور ویلیو ایڈیشن انڈسٹری کے لیے قابلِ عمل تجاویز کو لیڈر شپ تک پہنچایا جائے گا۔اس کے علاوہ ڈرائی مینگو اور آم کے پلپ کی ایکسپورٹ کے لیے انڈسٹری کو فروغ دیا جائے گا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مضر صحت دھاتوں اور کیمیائی آلودگی سے پاک آم کی پیداوار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆